پریس ریلیز

جنرل ہسپتال: 18 ملازمین کی چھٹیاں منسوخ، فوری ڈیوٹی سنبھالنے کی ہدایت، نوٹیفکیشن جاری

اے ایم ایس ایڈمن، نرسنگ انتظامیہ ملازمین کی حاضری یقینی بنا کر سرٹیفکیٹ جمع کروائیں: ایم ایس پروفیسر فریاد حسین

لاہور 29 اپریل:......

محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال انتظامیہ نے 18 ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کرتے ہوئے انہیں فوری ڈیوٹی پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق چھٹی پر گئے ڈاکٹرز، نرسیں اور پیرامیڈکس کو بلاتاخیر اپنے اپنے شعبوں میں فرائض سرانجام دینے کا حکم دے دیا ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے اے ایم ایس ایڈمن، نرسنگ انتظامیہ کو ہدایت کی کہ جن ملازمین کی چھٹیاں منسوخ کی گئیں ہیں، ان کی حاضری یقینی بنا کر سرٹیفکیٹ جمع کروائیں۔ اگر کوئی ملازم ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا تو اس کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈاکٹر فریاد حسین نے ڈائریکٹر ایمرجنسی، او پی ڈی اور تمام انتظامی ڈاکٹرز، ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ سے کہا ہے کہ وہ اپنے اپنے ماتحت سٹاف کی حاضری کو یقینی بنائیں، اس ضمن میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆